هے تیرے چمن میں سدا شادماني

هے بلبل کي صبح و مساء نغمه خواني

نوازا هے تونے یه دیں کے چمن کو

پلا کر علوم حقیقة کا پاني

یه ابداعي گلشن کي روز ازل سے

ملي هے تجھے اے شہا باغباني

جدھر دیکھتا هوں اودھر تو هي تو هے

هے تیري الوهة کي سب میں نشاني

بصر سے بصیرة سے چھانا جهاں کو

نه مشرق سے مغرب میں هے تیرا ثاني

نبي کے گھرانے کا تو هے شهنشاه

هے دنیا و دین پر تیري حکمراني

تیري پاك دهلیز اوپر اے مولی

سدا کر رهے هیں ملك پاسباني

هرایك دل کے مصر میں تیري ولاء کي
بنائي عنایة نے محکم مباني
تیرے حب میں اور تیري خدمة میں مولی
نئي آرهي هے مجھے تو جواني
تیرے فیض و احسان و انعام کا هے
هر ایك آن شاکر یه عبد یماني